# اپنے بچوں کو RSV کی بیماری سے بچانے کا طریقہ

## عملِ تنفس کا سنسیٹیئل وائرس (عملِ تنفس کے کثیر نواتی خلیوں کا وائرس) (RSV) کیا ہے؟

RSV ایک عام وائرس ہے جو کمسن بچوں کے عملِ تنفس (سانس لینے) میں انفیکشنز کا باعث بن سکتا ہے۔ چھ ماہ سے کم عمر کے بچے بڑے بچوں کی نسبت RSV سے زیادہ بیمار ہوتے ہیں۔

RSV کا حفاظتی ٹیکا مفت ہے۔ یہ آپ کے بچے کو RSV کے شدید انفیکشن سے محفوظ رکھتا ہے، جو ہسپتال میں ان کے داخلے کے 80% سے زیادہ خطرے کو کم کر دیتا ہے۔

## RSV کتنا عام ہے؟

- **2 بچوں میں سے 1 کو** ہر موسم سرما میں RSV ہوتا ہے۔ بہت سے بچوں کو ڈاکٹر یا شعبہ ایمرجنسی میں طبی نگداشت درکار ہوتی ہے۔
- **100 میں سے 3** بچوں کو ہسپتال لے کر جایا جاتا ہے اور کچھ کو انتہائی نگہداشت درکار ہوتی ہے۔

## میں اپنے بچے کو RSV کا حفاظتی ٹیکہ کیسے لگوا سکتی ہوں؟

- وہ بچے جو **1 ستمبر 2026-28 فروری 2027** کے دوران پیدا ہوں گے: ہم آپ کے میٹرنٹی ہسپتال سے روانہ ہونے سے پہلے آپ کے بچے کو حفاظتی ٹیکہ لگاتے ہیں۔
- وہ بچے جو **1 مارچ 2026-31 اگست 2026** کے دوران پیدا ہوئے: آپ اسے اپنے بچے کے GP سے لگوا سکتی ہیں۔
- 24 ماہ سے کم عمر **زیادہ خطرے والے بچے:** اپنے ماہر اطفال یا ماہر نوزائیدہ سے پوچھیں۔

## nirsevimab کا حامل حفاظتی ٹیکہ لگانا

- ہم آپ کے بچے کو RSV کے شدید انفیکشن سے بچانے کے لیے nirsevimab کا حامل حفاظتی ٹیکہ لگانا کی تجویز دیتے ہیں۔
- یہ فوری طور پر کام کرتا ہے تاکہ آپ کے بچے کو موسم خزاں اور موسم سرما میں تقریباً 5 ماہ تک محفوظ رکھا جا سکے جب RSV کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔
- آپ اسے بچپن کی دیگر ویکسینز کے ساتھ لگوا سکتی ہیں۔
- یہ آپ کے بچے کو انفیکشن سے لڑنے کے لیے براہ راست اینٹی باڈیز فراہم کرتا ہے۔

## حفاظت اور مضر اثرات

- مطالعوں سے ثابت ہوا ہے کہ nirsevimab محفوظ اور مؤثر ہے۔
- زیادہ تر بچوں پر اس کے کوئی مضر اثرات نہیں ہوتے۔ 100 میں سے 1 سے بھی کم کو جلدی سوزش یا جلد پر سرخی یا بخار ہو سکتا ہے۔
- الرجی کے ردعمل یا انتہائی حساسیت شاز و نادر ہوتے ہیں۔
- بچوں کی انجیکشن کے بعد 15 منٹس تک بغور نگرانی کی جاتی ہے۔



## مزید جانیں

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو اپنی مڈ وائف، پریکٹس نرس، صحت عامہ کی نرس، GP یا ماہر اطفال سے گفتگو کریں۔

- hse.ie/RSV
- یورپی ایجنسی برائے ادویات (European Medicines Agency): ema.europa.eu

PROTECT PREVENT IMMUNISE